چیف ایڈیٹر: محسن نقوی　گروپ ایڈیٹر: نوید چوہدری
DAILY 42 LAHORE
ABC Certified
UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184
جلد نمبر: 14 | ہفتہ 3 جنوری 2026ء، 13 رجب المرجب 1447ھ، 21 پوہ 2082، صفحات 8، قیمت 30 روپے | شمارہ: 94

# "دھی رانی" پروگرام کی برانڈنگ کے بجٹ پر محکمہ خزانہ کا اعتراض

## برانڈنگ بجٹ کو کم کر کے 5 کروڑ روپے تک محدود کرنے کی تجویز دیدی

لوئر مال (علی رامے) "دھی رانی" پروگرام کی برانڈنگ کیلئے 10 کروڑ کے بجٹ کی تجویز۔ محکمہ خزانہ پنجاب نے اعتراضات اٹھا دیئے۔ کہا گیا صوبہ شدید مالی دباؤ کا شکار، ایسے حالات میں برانڈنگ پر خطیر رقم خرچ کرنا غیر ضروری ہے۔ محکمہ خزانہ (باقی صفحہ 7 بقیہ 5)

بقیہ 5
**"دھی رانی" پروگرام**

کے مطابق "دھی رانی" پروگرام کی تشہیر کے لیے 10 کروڑ روپے مناسب نہیں۔ اگر منظوری دی جائے تو اس بجٹ کو کم کیا جانا چاہیے۔ فلاحی منصوبوں میں اصل توجہ تشہیر کے بجائے عملدرآمد پر ہونی چاہیے۔ ذرائع کے مطابق پروگرام پر پہلے ہی ایک ارب 70 کروڑ روپے جاری کیے جا چکے ہیں۔ پورے پنجاب میں برانڈنگ کی تجویز دی گئی تھی۔ محکمہ خزانہ نے سفارش کی ہے کہ برانڈنگ بجٹ کو کم کر کے 5 کروڑ روپے تک محدود کیا جائے۔ یہ رقم بھی پہلے سے جاری شدہ بجٹ سے استعمال کی جائے، جس پر حتمی فیصلہ اعلیٰ سطح پر کیا جائے گا۔

05/1/26
C.O
D(Pub)
05/01/26
D(PA PR)
05/1/26
DIR (Prog)

CamScanner

چیف ایڈیٹر: محسن نقوی
گروپ ایڈیٹر: نوید چوہدری
DAILY 42
ABC Certified
LAHORE
UAN: 111-2409-42 FAX: 042-35407104

ہفتہ 3 جنوری 2026ء

# خواجہ سراؤں کیلئے کمیونٹی سنٹر، شیلٹر ہوم تعمیر ہونگے

**خواجہ سرا پر تشدد کیخلاف قانون سازی کی جائیگی، بیت المال سے مالی امداد ملے گی، محکمہ سوشل ویلفیئر کیلئے نئی پالیسی منظور**

**بچوں، خواتین اور خواجہ سرا کا ڈیٹا سنٹر بنایا جائیگا، بیت سلمان کے رولز بنائے جائیں گے، پناہ گاہ اتھارٹی بنائی جائیگی**

لوئر مال (قیصر کھوکھر) خواجہ سرا کو بیت المال سے مالی امداد دینے کا فیصلہ۔ حکومت پنجاب نے محکمہ سوشل ویلفیئر کیلئے نئی پالیسی منظور کر لی۔ اس حوالے سے محکمہ سوشل ویلفیئر کے لئے نئی پالیسی منظور کر لی گئی۔ پالیسی کے تحت خواجہ سرا کے لئے کمیونٹی سنٹر بنائے جائیں گے۔ خواجہ سرا کے لیے شیلٹر ہوم بنائے جائیں گے۔ خواجہ سرا کو بیت المال سے مالی امداد دی جائے گی۔ خواجہ (باقی صفحہ 7 بقیہ 54)

بقیہ 54

## خواجہ سرا

سرا پر تشدد کیخلاف قانون سازی کی جائے گی۔ بچوں، خواتین اور خواجہ سرا کا ڈیٹا سنٹر بنایا جائے گا۔ بیت سلمان کے رولز بنائے جائیں گے۔ اس پالیسی کے تحت پناہ گاہ اتھارٹی بنائی جائے گی۔

05/1/26
C.O
AD (Pub)
05/01/26
DD (P&PR)
05/01/2026
Dir (Prog)